# اردو زبان ۔ تشکیل و ارتقا، (Urdu Language: Formation and Evolution)

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| **کریڈٹ آورز: ۳** | | **سمسٹر 3** | | **کورس کوڈ:** | BSU-204، |

**تعارف:**

کسی بھی زبان کو اس وقت تک نہیں سمجھا جاسکتا جب تک اس کی تشکیل و ارتقا سے واقفیت نہ ہو۔اردو زبان کی پیدائش اور ارتقا کے حوالے سےمحققین نے متنوع نظریات پیش کیے ہیں۔ان نظریات سے معلوم ہوتا ہے کہ اس کے ارتقا میں مختلف علاقوں کے لوگوں کے میل ملاپ اور باہمی ربط ضبط نے اہم کردار ادا کیا۔یہ زبان نہ صرف قدیم زبانوں مثلاًسنسکرت اور عربی و فارسی سے جڑی ہے بلکہ اس پرعلاقائی زبانوں کے اثرات بھی نمایاں ہیں۔

**مقاصد:**

1 ۔ اردو زبان کی پیدائش کے حوالے سے طلبا کو مختلف نظریات سے آگاہ کرنا
2۔ مختلف ادوار میں اردوزبان کے ارتقائی مراحل کی آگاہی بخشنا
3۔ اردو، ہندی جھگڑے کے پس منظر اور اس کے اردو زبان پر اثرات کی تفہیم

**تفصیل کورس**

۱۔ زبان کیا ہے؟ زبان اور بولی کا فرق
۲۔ برصغیر کی زبانوں کے خاندان اور اردو کا خاندان (ہند آریائی ۔ ہند ایرانی۔ دراوڑی)
۳۔ اردو کے مختلف نام اور ان کی وجہ تسمیہ (ہندی، ہندوی، ہندوستانی، ریختہ، اردو)
۴۔ اردو زبان کی تشکیل کے نظریات (حافظ محمود شیرانی اور مسعود حسین خان کے نظریات میں تاریخی و جغرافیائی مباحث کا تعارف)
۵۔ اردو زبان کے ارتقا میں مسلمانوں کا حصہ (آغاز تا ۱۸۰۰ء)
۶۔ اردو اور تحریک پاکستان (اردو ہندی تنازع کے پس منظر میں)
۷۔ اردو اور پاکستانی زبانوں کا تعلق (بہ تخصیص پنجابی)

- ***Teaching-learning Strategies:*** **Lecturing, Effective Questioning Techniques**
    - Assessment and Examinations:

مجوزہ کتب:


جان بیمز۔ ہندوستانی لسانیات کا خاکہ، مترجمہ سید احتشام حسین۔ لکھنو: دانش محل، ۱۹۷۱ء
خلیل صدیقی۔ زبان کیا ہے۔ ملتان: بیکن بکس، ۱۹۸۹ء
سلیم اختر، ڈاکٹر۔ اردو زبان کی مختصر ترین تاریخ۔ لاہور: سنگِ میل پبلی کیشنز، ۲۰۱۲ء
عین الحق فرید کوٹی۔ اردو زبان کی قدیم تاریخ۔ لاہور: ارسلان پبلی کیشنز، ۱۹۷۲ء
فرمان فتح پوری، ڈاکٹر۔ ہندی اردو تنازع۔ اسلام آباد: نیشنل بک فاونڈیشن، ۱۹۷۷ء
محمود شیرانی، حافظ۔ پنجاب میں اردو۔ اسلام آباد: مقتدرہ قومی زبان، ۱۹۸۸ء
محی الدین قادری زور۔ ہندوستانی لسانیات۔ لکھنو: نسیم بک ڈپو، ۱۹۶۰ء
مرزا خلیل بیگ، ڈاکٹر۔ اردو کی لسانی تشکیل۔علی گڑھ:مکتبہ جامعہ، ۱۹۸۵ء
مسعود حسین خان۔ مقدمہ تاریخ زبان۔ علی گڑھ: الفاظ ایجوکیشنل بک ہاؤس، ۱۹۹۹ء
نصیرالدین ہاشمی۔ دکن میں اردو۔ نئی دہلی: قومی کونسل برائے فروغ اردو زبان، ۲۰۰۲ء